Pen
Progressive Education Network

# واقفیت عامہ جماعت سوم

یکساں قومی نصاب 2022ء کے مطابق



## عملی کتاب


172A, Ahmed Block, New Garden Town, Lahore.
Phone: 042-354288554 Web: www.pen.org.pk

# فہرست عنوانات


| باب نمبر | باب کا عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | سُورج | 3-8 |
| 2 | وسائل اور ان کی اقسام | 9-13 |
| 3 | قدرتی وسائل کا تحفظ | 14-19 |
| 4 | قائداعظم محمد علی جناحؒ | 20-22 |
| 5 | علامہ محمد اقبالؒ | 23-24 |
| 6 | جاندار اجسام میں تبدیلیاں | 25-29 |
| 7 | مسکن | 30-36 |
| 8 | خوراک | 37-42 |
| 9 | حکومت اور شہریوں کا کردار | 43-46 |
| 10 | اختلافات ختم کرنا | 47-50 |
| 11 | مادّہ | 51-53 |
| 12 | توانائی اور اس کے ذرائع | 54-56 |
| 13 | بدلتی دنیا | 57-60 |
| 14 | ایجادات | 61-64 |
| 15 | قوت اور مشینیں | 65-69 |
| 16 | حفاظت | 70-73 |


دن________      تاریخ________

# 1۔سورج(The Sun)

حاصلاتِ تعلم:


- یہ جان سکیں کہ سورج مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں غروب ہوتا ہے۔
- سکول اور گھر کے مشرق، مغرب، شمال اور جنوب کی طرف موجود جگھوں کے نام بتا سکیں۔
- سائے کی بناوٹ کو بیان کر سکیں۔
- جان سکیں کہ سائے کا رُخ اور جسامت، وقت کا اندازہ لگانے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔

**سوال نمبر 1:** نظام شمسی نو سیاروں پر مشتمل ایک نظام ہے۔ نظام شمسی کے محور میں پیلا اور باقی سیاروں میں نیلا رنگ بھریں۔



دن____________ تاریخ____________

زمین سورج کے گرد اپنے مدار میں گھومتی ہے جس سے موسم بنتے ہیں۔




**سوال نمبر2:** زمین سورج کے گرد گردش کیوں کرتی ہے؟ زمین کی سورج کے گرد گردش سے بننے والے موسموں کے نام لکھیں۔

سوال نمبر3: زمین کی اپنے محور اور مدار کے گرد گردش کے فرق کو بیان کریں۔



دن————— تاریخ—————

سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے اور مغرب میں غروب ہوتا ہے۔ سورج کے طلوع اور غروب ہونے سے دن اور رات بنتے ہیں۔ زمین کی اپنے محور میں گردش سے دن اور رات بنتے ہیں۔

**سوال نمبر 4:** نیچے دی گئی تصاویر کو دیکھیں اور دن اور رات میں کیے جانے والے کاموں میں فرق واضح کریں۔ دن میں کیے جانے والے کاموں پر ✓ اور رات میں کیے جانے والے کاموں کے گرد دائرہ لگائیں۔



سارہ سکول جاتی ہے۔



علی ہوم ورک کرتا ہے



علی ویڈیو گیم کھیلتا ہے۔



مُرغ بانگ دیتا ہے۔



سورج طلوع ہوتا ہے۔




سورج غروب ہوتا ہے۔

**اہم معلومات:**


زمین سورج کے گرد اپنے مدار میں ایک چکر 365 دنوں میں مکمل کرتی ہے۔ زمین اپنے محور میں ایک چکر 24 گھنٹوں میں مکمل کرتی ہے۔ سمتیں معلوم کرنے کیلئے ایک ایسا آلہ استعمال کیا جاتا ہے جسے قُطب نما کہتے ہیں۔

دن________ تاریخ________

## بنیادی سمتیں:(Cardinal Directions)





**سایہ کی بناوٹ:** سایہ روشنی کی مخالف سمت میں بنتا ہے جب روشنی کے راستے میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے تو سایہ بنتا ہے۔ صبح اور شام کے وقت سایہ لمبا ہوتا ہے۔ دوپہر کے وقت سایہ چھوٹا ہوتا ہے۔



دن————— تاریخ—————

**سوال نمبر5:** درج ذیل تصاویر کو دیکھتے ہوئے سائے کی مدد سے صبح، دوپہر اور شام کے اوقات کی نشان دہی کریں۔



**سوال نمبر6:** آپ ایک اندھیرے کمرے میں موم بتی جلائیں۔ اپنا ہاتھ موم بتی کے سامنے لائیں اور دیوار پر بننے والے سائے کا مشاہدہ کریں۔ اپنے مشاہدے کی روشنی میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

ہاتھ کو موم بتی سے دور لے جانے سے سائے میں کیا تبدیلی رونما ہوتی ہے؟

______________________________

______________________________

ہاتھ موم بتی کی دوسری طرف لے جانے سے سایہ کس طرف بنتا ہے؟

______________________________

______________________________

**سوال نمبر7:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(1) ہماری کائنات ان گنت————— سے مل کر بنی ہے۔

(الف) اجسام (ب) سورج (ج) چاند (د) زمین

(2) بنیادی سمتیں————— ہیں۔

(الف 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

(3) سائے کے بننے کے لئے————— کا ہونا ضروری ہے۔

(الف) سورج (ب) زمین (ج) روشنی (د) آسمان

دن__________ تاریخ__________

**سوال نمبر8:** اپنے گھر کا خاکہ بنا کر گھر کے مشرق، مغرب، شمال اور جنوب میں واقع اہم مقامات کی نشان دہی کریں۔

دن———— تاریخ————

# 2۔وسائل اور ان کی اقسام
# Resources and their Types

حاصلاتِ تعلم:

- اصطلاح وسائل کی تعریف بیان کر سکیں۔
- وسائل کی اقسام (قدرتی وسائل، انسانی وسائل اور سرمائے کے وسائل) بتا سکیں۔
- قدرتی وسائل (پودے، جانور، پانی، ہوا، زمین، جنگلات اور مٹی وغیرہ) انسانی وسائل (کسان، معمار اور مصوّر وغیرہ) اور سرمایہ کے وسائل (ٹرک، کمپیوٹر اور صنعتی عمارتیں وغیرہ) کی شناخت کر سکیں۔
- اشیاء (مال تجارت)، خدمات، خریدار اور فروخت کُنندہ کی تعریف بیان کر سکیں۔
- اپنے علاقے کی اہم اشیاء اور خدمات کی شناخت کر سکیں۔
- ایک دوسرے پر انحصار کی ضرورت کو سمجھ سکیں کیونکہ تمام اشیاء اور خدمات ہر علاقے میں دستیاب نہیں۔

وسائل سے مراد ایسی اشیاء ہیں جنھیں استعمال کر کے زندگی کی ضروریات پوری کی جاتی ہیں۔وسائل کی تین اقسام ہیں۔

## قدرتی وسائل (Natural Resources)



پودے



ہوا



پانی



معدنیات

دن ________ تاریخ ________

## انسانی وسائل (Human Resources)

انسانوں کے کام کرنے کی مہارت، ہنر اور قابلیت انسانی وسائل کہلاتے ہیں۔ انسان مختلف طریقوں سے ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔



ڈاکٹر



موچی



حجام



درزی

## سرمائے کے وسائل (Capital Resources)



گاڑی



فیکٹری

**سوال نمبر 1:** مندرجہ ذیل الفاظ کو متعلقہ کالم میں لکھیں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کسان | ڈیم | پانی | کارخانے | گاڑیاں | پولیس | مشینیں | معدنیات | جنگلات |

| انسانی وسائل | قدرتی وسائل | سرمائے کے وسائل |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |

دن ________ تاریخ ________

## اشیاءمالِ تجارت(Goods)



پھل اور سبزیاں



کپڑے

## خدمات(Services)

ہماری روزمرّہ زندگی میں لوگ ایک دوسرے کیلیئے مختلف کام سرانجام دیتے ہیں۔ڈاکٹر، ٹیچر، درزی اور بڑھئی وغیرہ۔



ڈاکٹر



بڑھئی

## خریدار اور فروخت کُنندہ (Buyer and Seller)





**آیئے جانیے**

پاکستان میں دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کان کھیوڑہ میں واقع ہے۔

دن ــــــــــــــ تاریخ ــــــــــــــ

## قِلّت (Scarcity)





## معاشی انتخاب (Economic Choice)



**سوال نمبر2:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

| |
|---|
| 1. وسائل کی ــــــــــــ اقسام ہیں۔ |
| 2. وسائل، اشیاء اور خدمات کی کمی کو ــــــــــ کہتے ہیں۔ |
| 3. روز مرّہ زندگی میں لوگ مختلف کام سر انجام دیتے ہیں، انہیں ــــــــــ کہتے ہیں۔ |
| 4. جو دوسروں کی تیار کردہ اشیاء یا خدمات خرید تا ہے اسے ــــــــــ کہتے ہیں۔ |

دن ———— تاریخ ————

**سوال نمبر3:** نیچے دیے گئے الفاظ کی فہرست میں سے مال تجارت (اشیاء) اور خدمات الگ الگ کر کے متعلقہ کالم میں لکھیں۔

کمپیوٹر ، مریضوں کا معائنہ ، ڈرائیونگ ، پین ، پھل ، پڑھانا ، کپڑے سلائی کرنا ، دودھ ، چاکلیٹ ، کرسی

| مال تجارت (اشیاء) | خدمات |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

**سوال نمبر4:** کالم ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| اشیا اور خدمات کا ضرورت سے کم ہونا | مالِ تجارت |
| قدرتی اور مادّی وسائل کی پیداوار | معاشی انتخاب |
| انسانی مہارت، ہنر اور قابلیت | خدمات |
| مریضوں کا علاج کرنا | انسانی وسائل |
| مہنگائی یا قلّت کی وجہ سے متبادل اشیا استعمال کرنا | قلّت |

**سوال نمبر5:** درج ذیل تصویر کو دیکھیں اور خریدار اور فروخت کنندہ کی نشان دہی کریں۔



دن———— تاریخ————

# 3۔ قدرتی وسائل کا تحفظ


# Conservation of Natural Resources

حاصلاتِ تعلم


- بیان کر سکیں کہ انسان نے کس طرح قدرتی ماحول کو تبدیل کیا ہے۔
- آلودگی کی تعریف بیان کر سکیں۔
- آلودگی کی مختلف اقسام بیان کر سکیں۔
- قدرتی وسائل کے تحفظ کیلیئے تجاویز دے سکیں۔
- پیش گوئی کر سکیں کہ اگر تمام قدرتی وسائل ختم ہو جائیں تو کیا ہو گا۔
- خطرے سے دوچار جانوروں کی شناخت کر سکیں۔
- خطرے سے دوچار جانوروں کے تحفظ کیلیئے تجاویز دے سکیں۔ ناپید جانوروں کی نشان دہی کر سکیں۔

## قدرتی ماحول میں تبدیلیاں (Changes in Natural Environment)









دن__________ تاریخ__________

**سوال نمبر 1:** درج ذیل تصاویر کو دیکھیں اور درست خانے میں چسپاں کریں۔








تاریخ______________ دن______________

ماحول میں نقصان دہ مادّوں کا شامل ہونا آلودگی کہلاتا ہے۔ آلودگی کی مختلف اقسام ہیں۔



آبی آلودگی



زمینی آلودگی



ہوا کی آلودگی



شور کی آلودگی


## قدرتی وسائل کا تحفظ (Conserving Natural Resources)



درخت لگائے جائیں۔



کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے سے تلف کیا جائے۔




**اہم معلومات:**

ایسے جانور جو کسی زمانے میں دنیا میں موجود تھے لیکن اب اُن کا کوئی وجود نہیں ہے ناپید جانور کہلاتے ہیں۔

ایسے جانور جن کی تعداد تیزی سے کم ہو رہی ہو نایاب جانور کہلاتے ہیں۔ پوری دنیا میں ہر سال 17 مئی کو نایاب جانوروں کا دن منایا جاتا ہے۔

پاکستان کا قومی جانور مارخور ہے۔ ناپید جانوروں میں اہم نام ڈائینوسار، تسمانیا کا ٹائیگر اور جنگلی بیل شامل ہیں۔

**سوال نمبر2:** دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

فیکٹریوں　　تبدیلی　　کارخانوں　　قدرتی ماحول　　شوروغل

1. انسان مختلف طریقے سے —————— تبدیل کر رہا ہے۔
2. فیکٹریوں، —————— اور گاڑیوں سے نکلنے والا دھواں قدرتی ماحول کو تبدیل کرتا ہے۔
3. جنگلات کی کٹائی بھی قدرتی ماحول میں —————— لاتی ہے۔
4. گاڑیوں، مشینوں اور ہوائی جہازوں کا —————— بھی قدرتی ماحول کو تبدیل کرتا ہے۔
5. گھروں اور —————— سے گندے پانی کا اخراج قدرتی ماحول میں تبدیلی کا باعث ہے۔

دن ——————　　　　　　　　تاریخ ——————

**سوال نمبر3:** مندرجہ ذیل تصاویر کا جائزہ لیں اور آلودگی کی مختلف اقسام کے نام لکھیں۔

| | |
|---|---|
|  |  |
| | |
|  |  |
| | |

**سوال نمبر4:** ذیل میں دی گئی تصاویر میں سے خطرے سے دوچار جانوروں کے ناموں کے گرد دائرہ لگائیں۔




بھورا ریچھ



خرگوش



انڈس ڈولفن



ڈائینوسار




کالاہرن




مارخور

دن__________ تاریخ__________


**سوال نمبر5:** ذیل میں دی گئی تصاویر میں سے ناپید جانوروں کی تصویر میں رنگ بھریں۔



تسمانیا کا ٹائیگر



گائے



ڈائینوسار

**سوال نمبر6:** ذیل میں مختلف وسائل کے نام دیے گئے ہیں۔ ان کو کیسے محفوظ کیا جاسکتا ہے؟ تجویز کریں۔

| | |
|---|---|
| جنگلات | |
| پانی | |
| ہوا | |


دن———— تاریخ————

# 4۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ

# Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah

حاصلاتِ تعلم:

- قائداعظم محمد علی جناحؒ کا تعارف، بطور بانی پاکستان کرا سکیں۔
- قائداعظم محمد علی جناحؒ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخ پیدائش، بانیِ پاکستان، چند اہم کارنامے، تاریخ وفات) کو بیان کر سکیں۔



قائدِاعظم ہمارے قومی لیڈر ہیں۔ آپ بانی پاکستان ہیں اور آپ کو بابائے قوم کہا جاتا ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ستمبر | کانگریس | محمد علی جناح | 25 | 1940ء |

1. قائداعظم کا پورا نام————————تھا۔
2. قائداعظم————دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔
3. قائداعظم نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز————————سے کیا۔
4. آپ نے————————میں قرارداد لاہور میں مسلمانوں کے لیے ایک الگ ملک کا مطالبہ کیا۔
5. قائداعظم نے 11————1948ء کو وفات پائی۔

دن ________ تاریخ ________

**سوال نمبر2:** قائدِ اعظم کی زندگی کے بارے میں دی گئی مندرجہ ذیل معلومات کو غور سے پڑھیں اور ترتیب سے لکھیں۔


| | | |
|---|---|---|
| آپؒ نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کانگریس سے کیا۔ | آپؒ قانون کی اعلیٰ تعلیم کیلئے انگلستان چلے گئے۔ | آپؒ 25 دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ |
| قائدِ اعظمؒ کا اصل نام محمد علی جناح تھا۔ | آپؒ نے 11 ستمبر 1948ء کو وفات پائی۔ | آپؒ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل بنے۔ |

1. ________
2. ________
3. ________
4. ________
5. ________
6. ________

کیا آپ جانتے ہیں؟

محمد علی جناح کی جدوجہد کی وجہ سے پاکستان کا قیام عمل میں آیا اس لیے آپ کو قائدِ اعظم کہا جاتا ہے۔ پاکستان کا مکمل نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔ لفظ پاکستان چودھری رحمت علی نے متعارف کروایا۔ پاکستان کا قومی ترانہ حفیظ جالندھری نے لکھا۔ پاکستان کا مکمل نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔

**سوال نمبر3:** ذیل میں دی گئی قائد اعظم کی تصویر کے سامنے اُن کا پورا نام تحریر کریں اور ان کے تین رہنما اصول لکھیں۔



________

دن__________ تاریخ__________

**اصول:**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔__________ | 2۔__________ | 3۔__________ |

**سوال نمبر4:** ہم پاکستان کو ایک ترقی یافتہ ملک کیسے بنا سکتے ہیں؟

______________________________

______________________________

دن ــــــــــــــ　　　　　　　　　　تاریخ ــــــــــــــ


# علامہ محمد اقبالؒ

# Allama Muhammad Iqbal

حاصلاتِ تعلم

- علامہ محمد اقبالؒ کا تعارف بطور مصوّرِ پاکستان کرا سکیں۔
- علامہ محمد اقبالؒ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخ پیدائش، قومی شاعر، بچوں کیلئے اہم نظمیں اور تاریخ وفات) بیان کر سکیں۔

## شاعرِ مشرق کے متعلق معلومات:



**خاندانی زندگی:** علامہ محمد اقبالؒ 9 نومبر 1877ء کو صوبہ پنجاب کے شہر سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔

**تعلیم کے بارے میں:** آپؒ نے ایف اے تک تعلیم سیالکوٹ سے حاصل کی۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم اے کیا اور اعلیٰ تعلیم انگلستان اور جرمنی سے حاصل کی۔

**شاعری:** آپ کی شاعری میں ایک مکڑا اور مکھی، ایک پہاڑ اور گلہری، جگنو، پرندے کی فریاد، ہمدردی، بچے کی دعا، بالِ جبریل، ضربِ کلیم اور بانگ درا زیادہ مشہور ہیں۔

**سیاسی زندگی:** ایک سیاستدان کے طور پر آپؒ کا سب سے بڑا کارنامہ ہندوستان کے مسلمانوں کیلئے ایک علیحدہ ملک کا مطالبہ تھا۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

علامہ محمد اقبالؒ کی کتابوں کے ترجمے انگریزی، جرمن، فرانسیسی، چینی اور جاپانی کے علاوہ دنیا کی کئی اور زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ علامہ محمد اقبالؒ کو حکیم الامت بھی کہا جاتا ہے۔

ہندوستان کیلئے الگ ملک بنانے کا تصوّر کس نے پیش کیا؟

یہ تصوّر علامہ محمد اقبال نے پیش کیا۔ اسی لیے انھیں مصوّرِ پاکستان کہا جاتا ہے۔

دن__________ تاریخ__________

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

وطن مشرق شاعر 1877ء نوجوانوں

1. علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ 9 نومبر__________ کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔

2. علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے__________ تھے۔

3. آپ کو شاعر__________ کہا جاتا ہے۔

4. علامہ اقبال کی زیادہ تر نظمیں__________ کے لیے ہیں۔

5. آپ کی شاعری کے اہم موضوعات میں اسلام، مسلمان، آزادی اور__________ کی محبت شامل ہیں۔

**سوال نمبر2:** درست جواب کے سامنے ✓ اور غلط جواب کے سامنے × لگائیں۔

| | |
|---|---|
| 1۔ علامہ اقبال کو حکومتِ برطانیہ نے شاعر کا خطاب دیا۔ | |
| 2۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے 21 اپریل 1938ء کو وفات پائی۔ | |
| 3۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اسلام اور مسلمانوں سے بہت محبت تھی۔ | |
| 4۔ علامہ اقبال کا مزار لاہور میں بادشاہی مسجد کے قریب ہے۔ | |
| 5۔ علامہ اقبال کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے بے حد محبت تھی۔ | |


**سوال نمبر3:** مندرجہ ذیل تصاویر میں سے علامہ اقبالؒ کی نظموں کی نشان دہی کرتی تصاویر کے گرد دائرہ لگائیں۔














دن—————— تاریخ——————


# 6۔جان دار اجسام میں تبدیلیاں
# (Changes in Living things)

حاصلاتِ تعلم:

- جانوروں اور پودوں کے دورِ حیات میں مختلف مراحل کا (تصاویر، مشاہدہ اور ویڈیو کے ذریعے) موازنہ کر سکیں۔
- پودوں اور جانوروں کے دورِ حیات میں تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔

کچھ جانوروں کے بچے پیدائش کے وقت شکل و صورت میں اپنے والدین جیسے ہوتے ہیں۔ جیسا کہ شیر، بکری اور کتا وغیرہ







جب کہ بعض جانوروں کے بچے شروع میں اپنے والدین جیسے نہیں ہوتے۔ کچھ عرصے بعد ان کی شکل اپنے ماں باپ جیسی ہو جاتی ہے۔ مثال کے طور پر مینڈک اور تتلی وغیرہ۔





## دورِحیات (Life Cycle)

پودوں اور جانوروں کا پیدائش سے لے کر اپنے جیسے جان دار پیدا کرنے تک کا وقفہ دورِ حیات کہلاتا ہے۔


## پودوں کا دورِحیات (Life Cycle of Plants)

دن________ تاریخ________

پودے کا دورِ حیات چار مراحل پر مشتمل ہوتا ہے۔

**سوال نمبر 1:** پودے کے دورِ حیات میں موجود مراحل کو ترتیب سے لکھیں۔

**چھوٹا پودا، بڑا پودا، بیج کا زمین میں بونا، بیج سے پودے کا نکلنا**




| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

**پرندوں کا دورِ حیات:**

پرندوں کا دورِ حیات تین مراحل پر مشتمل ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| پرندے انڈے دیتے ہیں۔ | انڈوں سے بچے نکلتے ہیں۔ | بچے نشو نما پا کر پرندے بن جاتے ہیں۔ |


**سوال نمبر 2:** پرندوں کے دورِ حیات کے مراحل لکھیں۔



دن ____________ تاریخ ____________


## حشرات کا دورِ حیات:

حشرات کا دورِ حیات چار مراحل پر مشتمل ہے۔ درست ترتیب کو نمبروں سے واضح کریں۔





## مینڈک کا دورِ حیات:

مینڈک کا دورِ حیات تین مراحل پر مشتمل ہوتا ہے۔




دن__________ تاریخ__________

**سوال نمبر3:** تصاویر کو صحیح ترتیب میں کاٹ کر چسپاں کریں۔







**سوال نمبر4:** خالی جگہ پُر کریں۔


انڈے سے بنتا ہے۔__________

حشرات پہلے مرحلے میں دیتے ہیں۔__________

__________نشوونما پاکر مکمل مینڈک بن جاتا ہے۔

دن___________ تاریخ___________

**سوال نمبر5:** نیچے دی گئی تصاویر کو دیکھیں۔ جو جانور پیدائش کے وقت اپنے والدین سے مختلف ہوتے ہیں اُن کے گرد دائرہ لگائیں اور جو جانور پیدائش کے وقت اپنے والدین جیسے ہوتے ہیں اُن میں رنگ بھریں۔









**سوال نمبر6:** پرندوں کے دورِ حیات کو تصویر بنا کر واضح کریں۔

**سوال نمبر7:** حشرات کے دورِ حیات کے مراحل لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

دن________ تاریخ________

# 7۔ مسکن (Habitat)


حاصلاتِ تعلم:

- پہچان سکیں کہ سورج کی حرارت اور روشنی زمین پر زندگی قائم رکھنے میں مددگار ہے۔
- اصطلاح "مسکن" کی تعریف بیان کرسکیں۔
- جان داروں کے مختلف مساکن (قُطبی علاقے، صحرا، جنگل اور آبی کو بیان کرسکیں۔
- پودوں اور جانوروں کے مختلف مساکن کے نام بتا سکیں۔
- بتا سکیں کہ ماحولیاتی نظام کیا ہے۔
- مسکن میں زندگی کے مددگار ماحولیاتی عوامل (درجہ حرارت، روشنی اور پانی کی شناخت کرسکیں۔
- سمجھ سکیں کہ کس طرح پودے اور جانور اپنے مسکن سے مطابقت رکھتے ہیں۔
- قدرتی مساکن پر انسانی سرگرمیوں کے اثرات کی شناخت کرسکیں۔

کائنات میں زمین ہی ایک ایسا سیارہ ہے جس پر زندگی موجود ہے۔ زندگی کو برقرار رکھنے کیلئے روشنی اور درجہ حرارت کی ضرورت ہوتی ہے جس کا سب سے بڑا ذریعہ سورج ہے۔ یہ روشنی اور حرارت شمسی توانائی کہلاتی ہے۔

## مسکن (Habitat)

جان داروں کے رہنے کی جگہ ان کا مسکن کہلاتی ہے۔



دن________ تاریخ________

## مسکن کی اقسام (Types of Habitats)

مسکن کی دو بڑی اقسام ہیں:

1۔ زمینی مسکن 2۔ آبی مسکن

## زمینی مسکن (Land Habitat)

سطح زمین پر پائے جانے والے جانوروں کا مسکن زمینی مسکن کہلاتا ہے۔



جنگل



صحرا



گھاس کے میدان:

دن__________                                                    تاریخ__________

# آبی مسکن

زمین پر پائے جانے والے پانی کے ذخائر کو آبی مسکن کہتے ہیں۔

## تازہ پانی(Fresh Water)



## سمندری مسکن(Marine Habitat)



## ساحلی مسکن(Coastal Habitat)





دن __________ تاریخ __________

## قُطبی علاقہ (Polar Region)

قُطبی علاقہ سرد ترین مسکن ہے۔ یہ علاقہ سارا سال برف سے ڈھکا رہتا ہے۔




**سوال نمبر 1:** تصویر میں موجود پودوں کو متعلقہ مسکن سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |

دن______ تاریخ______

**سوال نمبر2:** مندرجہ ذیل تصاویر کو دیکھیں اور بتائیں کہ مختلف جاندار اپنے ماحول میں کس طرح مطابقت رکھتے ہیں؟





______

______

______

## پودوں میں مطابقت (Adaptation in Plants)






______

______

______


دن ____________ تاریخ ____________

**سوال نمبر2:** تصاویر میں موجود جانوروں کا مسکن اور ایک خصوصیت بتائیں۔




______________________________

______________________________



______________________________


______________________________



______________________________

______________________________

**سوال نمبر3:** برفانی ریچھ کی خصوصیات قُطبی علاقے سے مطابقت رکھنے میں کس طرح مدد گار ہوتی ہیں؟



برفانی ریچھ کی کھال: ____________________


دن____________ تاریخ____________


کھال کا سفید رنگ:____________

چوڑے اور خم دار پاؤں:____________

سونگھنے کی تیز حِس:____________

**سوال نمبر4:** انسانی سرگرمیوں کے ماحول پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟





انسان لکڑی کیلئے____________ کو ختم کر رہا ہے۔

آبی آلودگی آبی جانوروں کی زندگی کیلئے____________ ہے۔

**سوال نمبر5:** ماحول کو بہتر بنانے کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں؟

دن ______ تاریخ ______

# 8۔خوراک(Food)

حاصلاتِ تعلم:

- جان سکیں کہ پودے سورج کی روشنی میں اپنی خوراک خود تیار کرتے ہیں۔
- پہچان سکیں کہ مختلف جانور مختلف قسم کی خوراک کھاتے ہیں۔
- خوراک کے مختلف گروہوں پھل، سبزیاں، اناج، گوشت اور خشک پھلوں کی شناخت کر سکیں۔
- متوازن خوراک کی تعریف بیان کر سکیں۔
- پہچان سکیں کہ صحت مند زندگی کے لیے متوازن غذا، صفائی، مناسب نیند اور باقاعدہ ورزش کی ضرورت ہوتی ہے۔
- صحت مند رہنے کے لیے ورزش کے مناسب طریقوں کو پہچان سکیں۔

## خوراک(Food)

تمام جان داروں کو زندہ رہنے کے لیے توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جان دار یہ توانائی خوراک سے حاصل کرتے ہیں۔


### خوراک کے لحاظ سے جانوروں کے گروہ


گروپ

مثالیں

سبزی خور


(Herbivores)






گوشت خور


(Carnivores)





ہمہ خور





(Omnivores)





دن__________ تاریخ__________

**سوال نمبر 1:** جانوروں کو ان کی متعلقہ خوراک کے گروہ سے ملائیں۔

| جانور | خوراک |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |

## خوراک کے بنیادی گروہ(Basic Food Group)

خوراک تمام جانداروں کی بنیادی ضرورت ہے۔ خوراک کو درج ذیل گروہوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

### پھل اور سبزیاں(Fruit and Vegetables)



**اناج(Grains)**



**دودھ کی بنی ہوئی اشیاء(Dairy Products)**



**گوشت(Meat)**




**خشک پھل(Dry Fruit)**



دن ــــــــــــــــ                                    تاریخ ــــــــــــــــ

**سوال نمبر2:** خوراک کے لحاظ سے جانوروں کی تقسیم کریں۔

| خوراک | جانوروں کا گروہ |
| --- | --- |
|  | ــــــــــــــــ |
|  | ــــــــــــــــ |
|  | ــــــــــــــــ |

**متوازن غذا (Balanced diet)**

ایسی غذا جس میں تمام بنیادی اجزا پھل، سبزیاں، اناج، گوشت، دودھ اور انڈے وغیرہ شامل ہوں، متوازن غذا کہلاتی ہے۔



دن________ تاریخ________

## صحت مند زندگی کے عوامل(Factors of Healthy Living)

صفائی(Cleanliness) مناسب نیند(Proper Sleep) ورزش(Exercise)

**سوال نمبر3:**



تصاویر کو درست الفاظ کے ساتھ ملائیں۔



سونا

ہاتھ دھونا

مناسب غذا لینا

پانی پینا

کھیلنا

منہ دھونا













**سوال نمبر4** خوراک کے گروہ:

دودھ سے بنی اشیاء ________

گوشت کے ذرائع ________

خشک پھل ________

اناج ________


پھل اور سبزیاں ________


**سوال نمبر5:** اپنی پسند کی دو سبزیوں اور دو پھلوں کے نام لکھیں اور ان کے بارے میں درج ذیل جدول مکمل کریں۔

| نمبر شمار | نام(سبزی / پھل) | کس موسم میں پایا / پائی جاتی ہے | رنگت |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |


دن______ تاریخ______

**سوال نمبر6:** نیچے دی گئی تصاویر میں گوشت خور جانوروں میں سُرخ، سبزی خور میں نیلا اور ہمہ خور میں کالا رنگ بھریں۔









**سوال نمبر7:** متوازن غذا استعمال نہ کرنے کا کیا نتیجہ ہوتا ہے؟

______

______

کیا آپ جانتے ہیں؟ ہم خوراک کے لحاظ سے ہمہ خور گروہ کا حصّہ ہیں۔

کچھ جانوروں کے دانت نہیں ہوتے جیسا کہ: مینڈک وغیرہ

**سوال نمبر8:** صحت مند زندگی گزارنے کیلئے کونسے عوامل ضروری ہیں؟

______

______

**سوال نمبر9:** اپنے پسندیدہ کھیل کے بارے میں بتائیں۔

______

______

دن________ تاریخ________

# 9۔ حکومت اور شہریوں کا کردار

# The Role of the Government and Citizens

اس باب کے اختتام پر بچّے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- معاشرے کی تعریف اور اس کی اہمیت بیان کر سکیں۔
- معاشرے کی بہتری کے لیے افراد کی سرگرمیوں کو بیان کر سکیں۔
- اپنے علاقے کے اہم مسائل کی نشان دہی کر سکیں۔
- پہچان سکیں کہ لوگ اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خود کو منظم کرتے ہیں۔
- بیان کر سکیں کہ حکومت لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کیا اقدامات کرتی ہے۔
- تجاویز دے سکیں کہ کسی علاقے کے لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے حکومت اور لوگ کس طرح مل کر کام کرتے ہیں۔
- جان سکیں کہ وہ اچھے شہری ہونے کا مظاہرہ کس طرح کر سکتے ہیں۔

## افراد اور معاشرہ(Individuals and Community)

انسان اپنی ضرورتوں کی وجہ سے ایک دوسرے کے ساتھ مل جُل کر رہتے ہیں۔ایک دوسرے کی ترقی اور بہتری کیلئے کام کرتے ہیں انسانوں کے اس طرح مل جُل کر رہنے سے معاشرہ بن جاتا ہے۔

**سوال نمبر1:** مندرجہ ذیل تصویر کو دیکھیں اور بتائیں کہ معاشرہ ایک فرد کی زندگی پر کیسے اثر انداز ہوتا ہے؟



____________________________________

____________________________________

دن————— تاریخ—————

## بنیادی مسائل(Basic Problems)

آبادی میں اضافے، وسائل کی کمی اور ان کے نامناسب استعمال کی وجہ سے مختلف استعمال کی وجہ سے مختلف قسم کے مسائل پیدا ہوتے ہیں ان میں سے اہم مسائل درج ذیل ہیں۔

**سوال نمبر2:** مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔


### 1۔ پینے کے صاف پانی کی کمی (Shortage of Clean Drinking Water)

| وجوہات |  | تجاویز |
| --- | --- | --- |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

### 2۔ پانی کی نکاسی کا ناقص انتظام(Poor Sewerage System)

| ناقص انتظام کی وجوہات |  | بہتری کیلئے تجاویز |
| --- | --- | --- |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

### 3۔ صحت اور تعلیم کی سہولیات کا فقدان (Lack of Educational & Health Facilities)

| صحت اور تعلیم کی سہولیات کی کمی کی وجوہات |  | صحت اور تعلیم کی سہولیات کی کمی میں بہتری کی تجاویز |
| --- | --- | --- |
| | | |
| | | |
| | | |

دن ______ تاریخ ______

# حکومت اور لوگ (Government and People)



پاکستان کی کل آبادی 20-225 ملین ہے۔ آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے۔

**سوال نمبر 3:** درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1۔ انسانوں کے مل جُل کر رہنے سے معاشرہ بنتا ہے۔ ☐

2۔ اُستاد مریضوں کا علاج کرتا ہے۔ ☐

3۔ پانی کے بے جا استعمال سے پانی کی کمی نہیں ہوتی۔ ☐

4۔ آبادی میں اضافہ مسائل کی ایک بڑی وجہ ہے۔ ☐

5۔ حکومت اپنے ملک کے لوگوں کیلئے بہت سے فلاحی کام کرتی ہے۔ ☐

**سوال نمبر 4:** دیئے گئے چارٹ کو مکمل کریں۔



دن________ تاریخ________

## حکومت کا کردار(Role of Government)

**سوال نمبر5:** اپنے علاقے میں حکومت کے کئے گئے کاموں کی فہرست بنائیں۔

**سوال نمبر6:** حکومت کی غیر ذمہ داری کی وجوہات بیان کریں۔

**سوال نمبر7:** میں ایک اچھا شہری ہوں اس لیے میں یہ کام کرتا ہوں۔

تاریخ________ دن________

# 10۔اختلافات ختم کرنا

# Working out Disagreements

حاصلاتِ تعلم:

- سکول، گھر اور مقامی آبادی میں پیدا ہونے والے اختلافات اور جھگڑوں کو جان سکیں۔
- اختلافات کی صورت میں لوگوں کے احساسات کی نشان دہی کر سکیں۔
- دوستوں اور خاندان کے افراد کے ساتھ اختلافات کی وجوہات کی نشان دہی کر سکیں۔
- جان سکیں کہ لوگ گھر اور سکول میں اختلافات کو کیسے ختم کرتے ہیں۔
- اختلافات کو ختم کرنے کیلئے بحث اور مسائل کے حل کا طریقہ کار استعمال کر سکیں۔



## عام اختلافات(Common Disagreement)

ہم اپنے گھر، سکول اور اکثر جگہوں پر دیکھتے ہیں کہ ایک ہی معاملے پر لوگوں کی رائے مختلف ہوتی ہے۔وہ کسی ایک بات پر متفق نہیں ہوتے۔اسے اختلاف کہتے ہیں۔





دن ________ تاریخ ________

روز مرّہ زندگی کا حصّہ ہیں۔

کوشش سے ختم کیے جاسکتے ہیں۔

# اختلافات

کسی بھی وقت ہو سکتے ہیں۔

مختلف وجوہات ہو سکتی ہیں۔

**سوال نمبر 1:** اپنے گھر اور سکول میں ہونے والے اختلافات کو سمجھیں اور بتائیں کہ عام طور پر یہ اختلافات کس قسم کے ہوتے ہیں۔

| نمبر شمار | گھر میں اختلافات | سکول میں اختلافات | محلّے میں اختلافات |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |

## اختلافات کی وجوہات (Causes of Disagreements)

**سوال نمبر 2:** لوگوں کے درمیان اختلافات پیدا ہونے کی کئی وجوہات ہیں۔ کوئی سی پانچ وجوہات لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

دن ______________ تاریخ ______________

**سوال نمبر 3:** کمرہ جماعت میں کسی دوست سے ہونے والے اختلاف کو سامنے رکھتے ہوئے درج ذیل معلومات فراہم کریں۔

اختلاف کسے کہتے ہیں؟

---

اختلاف کی بنیادی وجہ کیا تھی؟

---

اختلاف کس طرح ختم ہوا؟ اگر اختلاف پہ قابو نہ پایا جائے تو اس سے کیا مسائل پیدا ہوتے ہیں؟


---

اختلاف ختم ہونے پر آپ نے کیسا محسوس کیا؟

---

## اختلافات پر قابو پانا (Resolving Disagreements)

**سوال نمبر 4:** اختلافات پر قابو کیسے پایا جا سکتا ہے؟




## بات چیت کے ذریعے اختلافات کو حل کرنا (Resolving Conflicts Through Discussion)

عام طور پر اختلاف / جھگڑا اس وقت پیدا ہوتا ہے جب ہم ایک دوسرے کی بات نہیں سنتے۔ اگر ہم ایک دوسرے کی بات کو توجہ سے سن کر اس پر غور کریں تو اختلافات کو ختم کیا جا سکتا ہے۔

## مسائل کے حل کا طریقہ کار (Resolving Conflicts Through Problem Solving Method)

**سوال نمبر 5:** مسائل کو کیسے حل کیا جاتا ہے؟

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رُکیں ← | بات کریں ← | ← | | چنیں ← |

دن ——————　　　　　　　　　　　　　　　　　تاریخ ——————

**سوال نمبر6:** مختلف جذبات مثال کے طور پر خوشی، غم، ناراضی، غصّہ اور نفرت وغیرہ کو چہروں سے ظاہر کرنے کیلئے شکلیں بنائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

دن ______________ تاریخ ______________

# 11۔مادّہ(Matter)

**حاصلاتِ تعلم:**

- مادّہ اور اس کی مختلف حالتوں کو پہچان سکیں۔
- مادّہ کی مختلف حالتوں میں طبعی (قابلِ مشاہدہ) خصوصیات (شکل اور حجم) کی بنیاد پر فرق جان سکیں۔

## مادّہ(Matter)

ہماری کائنات اور اس کے اندر جو کچھ ہے سب مادّہ سے مل کر بنا ہے۔ہر وہ چیز جو جگہ گھیرتی اور وزن رکھتی ہے،مادّہ کہلاتی ہے۔مثال کے طور پر پتھر،پانی اور ہوا وغیرہ۔

## مادّہ کی حالتیں(States of Matter)

**سوال نمبر1:** مادّہ بنیادی طور پر تین حالتوں میں پایا جاتا ہے۔مندرجہ ذیل تصاویر کو دیکھتے ہوئے مادّہ کی حالتوں کے نام اور خصوصیات لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
|  |  |  |
| ______________ | ______________ | ______________ |
| ______________ | ______________ | ______________ |
| ______________ | ______________ | ______________ |

مادّہ کی چوتھی حالت پلازما ہے۔سورج پلازما سے بنا ہے۔


نقطہ انجماد: وہ درجہ حرارت جس پر مائع کی حالت، ٹھوس شکل اختیار کر لیتی ہے۔


نقطہ پگھلاؤ: وہ درجہ حرارت جس پر مادّہ کی ٹھوس حالت، مائع میں تبدیل ہو جاتی ہے۔


دن———— تاریخ————


**سوال نمبر2:** مادّہ کی مختلف حالتوں میں رنگ بھریں۔ ٹھوس مادّہ میں بھورا، مائع مادّہ میں نیلا، گیس مادّہ میں سُرمئی۔














## مادّہ کی مختلف حالتوں کی تبدیلی (Change in States of Matter)







**سوال نمبر3:** مادّہ اپنی حالت بدل سکتا ہے۔ تصویر بنا کر واضح کریں۔

دن______ تاریخ______

**سوال نمبر4:** خالی جگہ پُر کریں۔

1۔مادّہ بنیادی طور پر______حالتوں میں پایا جاتا ہے۔

2۔مائع کی کوئی______شکل نہیں ہوتی۔

3۔ گیس کا کوئی مخصوص______نہیں ہوتا۔

4۔برف______حالت ہے۔

5۔ درجہ حرارت کی وجہ سے______کی حالت تبدیل ہو سکتی ہے۔

**سوال نمبر5:** نقطہ پگھلاؤ اور نقطہ انجماد کے درمیان فرق بیان کریں۔

______________________________

______________________________

**سوال نمبر6:** پانی مادّہ کی تینوں حالتوں میں پایا جاتا ہے تصویر کی مدد سے واضح کریں۔

دن______ تاریخ______

# 12۔ توانائی اور اس کے ذرائع
# Energy and its Sources

حاصلاتِ تعلم:


- جان سکیں کہ کام کرنے کیلیئے توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔
- توانائی کے قدرتی ذرائع مثال کے طور پر سورج، لکڑی، بہتا ہوا پانی، ہوا، کوئلہ، تیل اور گیس کو پہچان سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کہ توانائی کے ذرائع بہت سے کاموں کیلیئے استعمال ہوتے ہیں۔

## توانائی (Energy)

توانائی کے بغیر کوئی کام سرانجام نہیں دیا جاسکتا ہمارے دائیں بائیں موجود ہر چیز توانائی استعمال کرتی ہے یا توانائی مہیا کرتی ہے۔

## توانائی کے ذرائع (Sources of Energy)

توانائی مختلف طریقوں سے حاصل ہوتی ہے، جنھیں ہم توانائی کے ذرائع کہتے ہیں۔



شمسی توانائی (Solar Energy)




بہتا ہوا پانی (Flowing water)

آبی گھڑیال قدیم ترین آلہ ہے جو وقت کی پیمائش کیلیئے بابل
اور مصر میں استعمال کیا جاتا تھا۔ یہ پانی کی توانائی سے چلتا تھا۔



کوئلہ(Coal)



ہوا(Air)



خام تیل(Crude Oil)



قدرتی گیس(Natural Gas)

**سوال نمبر1:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

- توانائی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔

(الف)سورج　　(ب)بلب　　(ج)پودے　　(د)جانور

- آجکل دریاؤں پر ـــــــــ بنا کر بجلی پیدا کی جاتی ہے۔

(الف)نہر　　(ب)پہاڑ　　(ج)ڈیم　　(د)دریا

- قدیم زمانے میں کھانا پکایا جاتا تھا۔


(الف)کوئلہ　　(ب)سورج　　(ج)بلب　　(د)گیس

دن——————                                                              تاریخ——————

- آبی گھڑیال استعمال کیا جاتا تھا۔


(الف) مصر میں          (ب) بھارت میں          (ج) افغانستان میں          (د) پاکستان میں

**سوال نمبر2:** کالم ملائیں۔

| تصاویر | ذریعہ توانائی |
|---|---|
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |

**سوال نمبر3:** پانی سے بجلی کیسے پیدا کی جاتی ہے؟

**سوال نمبر4:** ذیل میں دی گئی تصویر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟



دن ــــــــــــ تاریخ ــــــــــــ

# 13۔بدلتی دنیا(Changing World)

حاصلاتِ تعلم:

- یہ جان سکیں کہ موجودہ دور کی زندگی، خوراک، ذرائع ابلاغ اور لباس وغیرہ کے لباس وغیرہ کے لحاظ سے ماضی سے مختلف ہے۔
- یہ پہچان سکیں کہ سکول، آبادیاں اور ذرائع آمدورفت، وقت کے ساتھ کیسے تبدیل ہوئے۔
- واقعات کو تاریخ وترتیب دے سکیں۔

زمانہ قدیم کے لوگوں کا رہن سہن، لباس، خوراک، آمدورفت اور رابطے کے طریقے موجودہ دور سے بالکل مختلف تھے۔ وہ غاروں میں رہتے تھے۔ درخت، پودے، پھل اور کچا گوشت ان کی خوراک تھی۔



**سوال نمبر1:** خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ قدیم زمانے کے لوگ ــــــــــــ میں رہتے تھے۔

2۔ قدیم زمانے کے لوگ اپنے اوزار ــــــــــــ اور جانوروں سے تیار کرتے تھے۔

3۔ ــــــــــــ کی ایجاد نے انسانی ترقی کے راستے کھول دیئے۔

4۔ وقت گزرنے کے ساتھ انسان نے ــــــــــــ پکا کر کھانا سیکھ لیا۔

5۔ انسان کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں زندگی ماضی کے مقابلے میں ــــــــــــ ہو گئی ہے۔

دن ______ تاریخ ______

**سوال نمبر2:** تصاویر کو دیکھتے ہوئے قدیم اور جدید میں فرق کریں۔



















دن ____________ تاریخ ____________

## قدیم سے جدید دور کی تاریخ وتراتیب










**سوال نمبر3:** تصاویر بنا کر ماضی کی دنیا کا، آج کی دنیا سے موازنہ کریں۔

| ماضی کی دنیا | جدید دنیا |
|---|---|

دن________ تاریخ________

**سوال نمبر4:** پتھر کے زمانے کے لوگ کچا گوشت کیوں کھاتے تھے؟

**سوال نمبر5:** اگر لوہا دریافت نہ ہوتا تو انسان کی زندگی کیسی ہوتی؟

**سوال نمبر6:** کسی قریبی عجائب گھر یا تاریخی مقام کی سیر کریں۔ وقت کے ساتھ رونما ہونے والی تبدیلیوں کا مشاہدہ کرتے ہوئے قدیم اور جدید دور کا موازنہ کریں۔

دن ________ تاریخ ________

# 14۔ایجادات(Inventions)

حاصلاتِ تعلم:

- جان سکیں کہ ایجاد کیا ہوتی ہے۔
- موجودہ دور کی اہم ایجادات (مثال کے طور پر ہوائی جہاز، کمپیوٹر اور انٹرنیٹ وغیرہ) کو پہچان سکیں۔
- تجزیہ کر سکیں کہ حالیہ ایجادات کمپیوٹر، ٹیلی وژن اور انٹرنیٹ نے انسانی زندگی کو کس طرح بدلا ہے۔

ایجاد سے مراد ہے کوئی ایسی چیز بنانا جو پہلے سے وجود میں نہ ہو۔ جو شخص کوئی نئی چیز بناتا ہے اسے موجد کہتے ہیں۔

ایجادات سے ہماری روزمرّہ زندگی آسان ہو گئی ہے اور مشکلات میں کمی واقع ہوئی ہے۔ دنوں، مہینوں اور سالوں میں طے ہونے والے سفر اب گھنٹوں میں طے کیے جاسکتے ہیں۔ دنیا کے کسی بھی حصے میں پیغام فوری بھیجا جاسکتا ہے۔

**سوال نمبر 1:** درج ذیل ایجادات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟





________________ ________________
________________ ________________
________________ ________________

دن ____________ تاریخ ____________

______________________________ ______________________________

______________________________ ______________________________

______________________________ ______________________________

______________________________ ______________________________

## انٹرنیٹ (Internet)



| سوال نمبر2: بچو! انٹرنیٹ کو تعلیمی مقاصد کیلئے کس طرح استعمال کرتے ہیں؟ |
| --- |
| (1 |
| (2 |
| (3 |
| (4 |

دن ــــــــــــــ　　　　　　　　　　تاریخ ــــــــــــــ

**سوال نمبر3:** اپنی پسندیدہ ایجادات کی ایک فہرست بنائیں اور درج ذیل جدول مکمل کریں۔


| نمبر شمار | ایجاد | موجد کا نام | آپ کو یہ ایجاد کیوں پسند ہے؟ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |

**سوال نمبر4:** دورِ حاضر کی ایجادات کے نام لکھیں۔










**سوال نمبر5:** خالی جگہ پُر کریں۔

1۔ ایجاد سے مراد ہے کوئی ایسی چیز بنانا جو پہلے سے ــــــــــــ میں نہ ہو۔

2۔ دنوں، مہینوں اور سالوں میں طے ہونے والے سفر اب ــــــــــــ میں طے کیے جاسکتے ہیں۔


3۔ ایجادات کی بدولت ترقی کی رفتار بہت ــــــــــــ ہوگئی ہے۔

4۔ ــــــــــــ کے ذریعے ہم گھر بیٹھے دنیا بھر سے کسی بھی موضوع پر معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

5۔ ایجادات نے ہماری زندگی ــــــــــــ بنادی ہے۔

دن ــــــــــــــــ تاریخ ــــــــــــــــ

**سوال نمبر6:** درج ذیل جدول مکمل کریں۔

| ایجادات | ایجاد کا نام | یہ کس طرح ہماری مدد کرتی ہے۔ | اگر یہ ایجاد نہ ہوتی تو |
|---|---|---|---|
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |

**سوال نمبر7:** فرض کریں کہ آپ ایک موجد ہیں اور اپنی نئی ایجاد کیلئے کوشش کر رہے ہیں۔ اب درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

(1) آپ کی اس ایجاد سے لوگوں کو کیا فائدہ پہنچے گا؟

(2) آپ کی اس ایجاد کا نام کیا ہوگا؟

(3) اپنی اس ایجاد کا خاکہ بنائیں۔

دن__________ تاریخ__________

# 15۔ قوت اور مشینیں

# Force and Machines

حاصلاتِ تعلم:

- آلہ کی تعریف بیان کر سکیں۔
- سادہ مشینوں کو پہچان کر ان کے نام بتا سکیں۔
- پہچان سکیں کہ کھینچنا اور دھکیلنا چیزوں کی رفتار کو تیز یا آہستہ کر دیتا ہے۔
- پہچان سکیں کہ ماضی میں انسان اور جانور گاڑیوں کو کھینچتے تھے جب کہ آج کل گاڑیاں مشینوں کی مدد سے چلتی ہیں۔
- یہ جان سکیں کہ جتنی زیادہ قوت ہو گی اتنی ہی کسی چیز کی حرکت میں تبدیلی ہو گی۔
- مشاہدہ کر کے بیان کر سکیں کہ اشیاء کی حرکت، قوت لگا کر کیسے تبدیل کی جا سکتی ہے۔

اوزار کسی ایسی چیز کو کہتے ہیں جسے کسی خاص کام کو آسانی سے کرنے کیلئے استعمال کیا جائے۔ مثال کے طور پر ہتھوڑی، پلاس، کلہاڑا وغیرہ۔

کلہاڑا



ہتھوڑی



پلاس



دن______  تاریخ______

## سادہ مشین(Simple Machine)

ایسا آلہ یا اوزار جو لگائی جانے والی قوت کو تبدیل کر کے کام کو آسان بنا دے، سادہ مشین کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 1:** درج ذیل دیئے گئے اوزاروں کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور جدول مکمل کریں۔


| نمبر شمار | اوزار کا نام | ماضی میں استعمال | موجودہ دور میں استعمال |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |

**پیچیدہ مشین: ایسی مشین جو دو یا دو سے زیادہ سادہ مشینوں پر مشتمل ہو پیچیدہ مشین کہلاتی ہے۔**

## سادہ مشین کی اقسام(Types of Simple Machine)

سادہ مشین کی چھ اقسام ہیں:

### پہیا اور ایکسل(Wheel and Axel)




### لیور(Lever)



### فانہ(Wedge)



### سطح مائل(Inclined Plane)



تاریخ________ دن________



**پلی(Pulley)**



**سکریو(Screw)**

**سوال نمبر2:** سادہ اور پیچیدہ مشینوں کا فرق تصاویر کی مدد سے واضح کریں۔

| | |
|---|---|
| | |

**کھینچنا اور دھکیلنا(Push and Pull)**

کھینچنا اور دھکیلنا ایک قوت ہے۔

- مثال: دروازے کو کھولنے یا بند کرنے کیلئے اسے کھینچنا یا دھکیلنا پڑتا ہے۔



کھینچنا




دھکیلنا


دن ____________ تاریخ ____________

**سوال نمبر3:** درج ذیل تصاویر کو دیکھیں اور درست جواب لکھیں۔


| | |
|---|---|
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |

## قدیم اور جدید ذرائع آمدورفت (Old and Modern Means of Transportation)





دن ــــــــــــــــ                                        تاریخ ــــــــــــــــ





**سوال نمبر4:** قدیم اور جدید ذرائع آمدورفت کا جائزہ لیں اور دونوں میں فرق بیان کریں۔

| **قدیم ذرائع آمدورفت** | **جدید ذرائع آمدورفت** |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

**سوال نمبر5:** خالی جگہ پُر کریں۔

- شروع میں انسان ہر کام ــــــــــــــــ سے کرتا تھا۔
- ــــــــــــــــ کسی ایسی چیز کو کہتے ہیں جسے کسی خاص کام کو آسانی سے کرنے کیلئے استعمال کیا جائے۔
- ایسا آلہ جو لگائی جانے والی قوت کو تبدیل کر کے کام کو آسان بنادے، ــــــــــــــــ کہلاتا ہے۔
- ــــــــــــــــ بھاری اجسام کو اوپر نیچے لانے میں مدد دیتی ہے۔
- سادہ مشین کی ــــــــــــــــ اقسام ہیں۔

**سوال نمبر6:** اپنے گھر میں استعمال ہونے والے چار اوزاروں کے نام لکھیں۔

دن________ تاریخ________

# 16۔حفاظت(Safety)

حاصلاتِ تعلم:

- ذاتی حفاظت کی ضرورت کو جان سکیں۔
- بجلی سے چلنے والے آلات، تیز دھار اوزار اور آگ کے استعمال سے منسلک خطرات کو سمجھ سکیں۔
- بجلی سے چلنے والے آلات کو استعمال کرتے ہوئے حفاظتی تدابیر پر عمل کر سکیں۔
- گھر میں پیش آنے والے خطرات کی فہرست بنا سکیں۔
- محتاط اور محفوظ رہنے کے طریقے سمجھ سکیں۔
- یہ سمجھ سکیں کسی بھی غیر متوقع صورت حال سے نمٹنے کیلئے انھیں اپنے والدین،اساتذہ اور سرپرستوں سے کچھ نہیں چھپانا چاہیئے۔

آلات اور مشینیں ہماری زندگی کو آسان اور آرام دہ بناتے ہیں،وہیں ہمارے لیے خطرات اور مسائل کا سبب بن سکتے ہیں۔اس لیے اپنی حفاظت بہت ضروری ہے۔

## گھر کے اندر حفاظتی تدابیر(Indoor Safety)

گھریلو اشیاء کو استعمال کرتے ہوئے درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔









دن__________ تاریخ__________

## گھر کے باہر حفاظتی تدابیر (Outdoor Safety)



**سوال نمبر 1:** روز مرّہ استعمال کی کچھ اشیاء کے نام نیچے دیئے گئے ہیں۔ ذرا سوچ کر بتائیں کہ ہمیں ان سے کون سے خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | آلات | ممکنہ خطرات |
|---|---|---|
| 1 | بجلی سے چلنے والے آلات | |
| 2 | گیس سے چلنے والے آلات | |
| 3 | تیز دھار آلات | |
| 4 | نوک دار اشیاء | |

**سوال نمبر 2:** آگ کے استعمال سے متعلق احتیاطی تدابیر لکھیں۔

| |
|---|
| |
| |
| |

دن ____________ تاریخ ____________

## قدرتی آفات(Natural Disaster)

بعض اوقات دنیا میں کوئی ایسا حادثہ رونما ہوتا ہے جس سے بہت بڑے پیمانے پر انسانی جانیں، عمارتیں اور وسائل تباہ ہو جاتے ہیں۔ اس حادثے کو آفت کہتے ہیں۔

| کیا آپ جانتے ہیں؟ | |
|---|---|
| بجلی ہمارے جسم سے آسانی سے گزر سکتی ہے کیونکہ بجلی پانی سے جلدی گزرتی ہے اور انسانی جسم کا 70 فیصد پانی پر مشتمل ہے۔ | سب سے زیادہ حادثاتی اموات آگ لگنے سے ہوتی ہیں۔<br>بجلی 186،000 میل فی سیکنڈ کی رفتار سے سفر کرتی ہے۔ |

**سوال نمبر 3:** نیچے مختلف تصاویر دی گئی ہیں جو کسی قدرتی آفت کو ظاہر کرتی ہیں۔ ہر تصویر کے نیچے قدرتی آفت کا نام لکھیں۔



____________



____________



____________



____________

دن ______ تاریخ ______

**سوال نمبر4:** درج ذیل تصاویر کو غور سے دیکھیں اگر اس صورت حال میں آپ ہوتے تو کیا کرتے؟

| | |
|---|---|
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |

**سوال نمبر5:** قدرتی آفات کے متعلق معلومات اکٹھی کریں اور ان سے بچاؤ کے طریقے لکھیں۔

| |
|---|
| |